ملٹری کالج مری(امتحان برائے داخلہ۔۲۰۱۳
پرچہ اردو۔ جماعت ہشتم

کل نمبر ۱۰۰ **وقت: ایک گھنٹہ**

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں۔ پرچہ حل کرنے کے لئے نیلی روشنائی والا قلم استعمال کریں۔ معروضی حصہ میں کاٹ کر یا مٹا کر جواب لکھنے پر نمبر نہیں دیئے جائیں گے۔ رولنمبر جوابی کاپی کے فقط ابتدائی صفحہ پر تحریر کریں۔ جوبی کاپی پر کسی قسم کا نشان، سٹیکر یا دستخط کرنا منع ہے۔ جوا بی کاپی پر امتحانی مرکز کا نام تحریر نہ کریں۔ تمام سوالات جوابی کاپی پر حل کریں۔ سوالنمبر۳ میں اپنا رولنمبر یانام تحریر نہ کریں۔

سوال نمبر۔۱ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر کم از کم ۱۵۰ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیں۔ (۲۵)

(ا) سیلاب میں میرا کردار (ب) معاشرت (ج) نظم و ضبط

سوال نمبر۔۲ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ (۱۵)

کیا اَمِّیوں نے
جہاں میں اجالا
ہوا جِس سے اسلام کا بول بالا

بُتوں کو عرب و عجم سے
نکالا
ہر ایک ڈوبتی ناؤ کو جا سنبھالا

سوال نمبر۔۳ اپنی والدہ کے نام خط میں ان کی خیریت دریافت کریں۔ (۱۵)

سوال نمبر۔۴ مندرجہ ذیل الفاظ و محاورات کو اس طور سے جملوں میں استعمال کریں کہ ان کا مفہوم واضح ہو سکے۔ (۱۰)

۱۔ شمعِ ہدایت ۲۔ شرمندہِ تعبیر ہونا ۳۔ آگ بگولا ہونا ۴۔ خاک اُڑانا ۵۔ آب و تاب

سوال نمبر۔ ۵ کالم الف میں پاکستان کے قومی تہواروں کے نام دیئے گئے ہیں کالم ب میں ان تہواروں کی بے ترتیب تاریخیں درج کی گئی ہیں۔ آپ ہر تہوار کے سامنے کالم ج میں درست تاریخ لکھیں۔ (۱۰)

کالم الف	کالم ب	کالم ج
یومِ دفاع	۹ نومبر	
یومِ پاکستان	۱۴ اگست	
یومِ تکبیر	۲۵ دسمبر	
یُومِ آزادی	۲۳ مارچ	
یومِ اقبال	۲۸ مئی	
	۶ستمبر	

حصہ اسلامیات (برائے مسلم طلبا)

سوال نمبر۔۶ (الف) غزوہ حُنین پر نوٹ لکھیں نیز قرآن مجید میں اس غزوہ کے متعلق ارشادکا مفہوم بیان کریں ؟ (۱۳)

(ب) محنت کی عظمت سے کیا مراد ہے؟ نبی اکرمﷺ مبارک زندگی سے محنت کی عظمت کا کیا سبق ملتا ہے؟ (۱۲)

حصہ مطالعہ پاکستان (برائے غیر مسلم طلبا)

سوال نمبر۔۷ پاکستان کی اہم درآمدات اور برآمدات پر نوٹ تحریر کریں؟ (۲۵)

Write a note on the important imports and exports of Pakistan?